Email:-roznamazahir@gmail.com
Central Media listed
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily Zahir
ظاہر
فیصل آباد
چیف ایڈیٹر شاہ زین بابر سعود
ایڈیٹر محمد آصف نوید

جلد 7 جمعرات 25 جنوری 2024ء 13 رجب المرجب 1445ھ 13 ماگھ 2080بکرمی صفحات 8 قیمت 15 روپے شمارہ 22



الیکشن میں غیر جانبدارانہ سیکورٹی فرائض سرانجام دینگے: سی پی او

صفحہ 3 پر

آئی جی پولیس شہداء کے اہل خانہ کی بہترین ویلفیئر کیلیے سرگرم

صفحہ 3 پر

سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام وفاقی محتسب وٹریفک قوانین سے آگاہی سیشن

41سال کے دوران وفاقی محتسب کا ادارہ 21لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کرچکا: ریجنل محتسب شاہد حسین جیلانی کا خطاب

فیصل آباد (شاہ زین نیوز ایجنسی) وفاقی محتسب وٹریفک قوانین سے آ گاہی سیشن 2024 سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ فیصل آباد کے زیر اہتمام وفاقی محتسب وٹریفک قوانین سے آ گاہی سیشن 2024 کا انعقاد کیا گیا۔ آ گاہی سیشن میں ایڈوائزر انچارج ریجنل محسب فیصل آباد شاہد حسین جیلانی سی ٹی او مقصود احمد لون، اسسٹنٹ رجسٹرار ریجنل محتسب یاسر شبیر ملک، سٹی ٹریفک پولیس ایجوکیشن یونٹ کے ڈاکٹر مبشر باجوہ، سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ فیصل آباد کے جی ایم محمد صفدر، ڈپٹی مینجر عمر عارف اور دیگر تمام عہدے داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل محتسب فیصل آباد شاہد حسین جیلانی نے تمام شرکاءکو وفاقی محتسب کے ادارہ کے فرائض و امور اور خدمات کے بارے میں شرکا کوآ گاہی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ اکتالیس سال قبل 1983 میں اسی روز وفاقی محتسب کے ادارہ کا قیام عمل میں آیا تب سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا اور بعد ازاں چا روں صوبائی دارالحکومتوں میں بھی اس کے علاقائی دفاتر قائم کیئے گئے۔ انہوں نے جبکہ آج وفاقی محتسب کے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 41سال کے اس سفر کے دوران وفاقی محتسب کا ادارہ 21لاکھ سے زائد شکایات کاا زالہ کرچکا ہے شاہد حسین جیلانی نے مزید بتایا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ گزشتہ 41سالوں سے وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف کسی بھی شکایت کے حل کے لیے مفت اور فوری انصاف فراہم کرتا آ رہا ہے اور یہاں آنے والے سائلین کو نا تو وکیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی عدالت میں جانے کی۔ وفاقی محتسب ریجنل آفس 30 سے 40دن کے قلیل عرصہ میں ون ونڈو کی طرح معاملات کو حل کرتے ہوئے انصاف فراہم کرتا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی ٹی او فیصل آباد مقصود احمد لون نے کہا کہ ہمارا مقصد چالان کرنا نہیں ہوتا بلکہ بائیک چلانے والوں کو ہیلمٹ کے استعمال کا عادی بنانا ہوتا ہے تاکہ قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے اس سلسلے میں تاجر وکلا اساتذہ اور طلبہ اور دیگر سول سوسائٹی اس کمپین کا حصہ بنیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا سیمینار اسی سلسلے میں ہے کہ ہم دوسروں کی طرف نہ دیکھیں بلکہ اپنی ذمہ داری کو پہچانیں اور ٹریفک قوانین کا احترام کریں تاکہ ہم ایک مہذب معاشرے کو پروان چڑھا سکیں اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شیخ عرفان ٹرسٹی سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ نے کہا کہ ہم مل کر سارے مسائل حل کریں گے یہاں موجود بچوں سے گزارش ہے کہ سیلانی آپ کو جو علم دے رہا ہے کل آپ بھی آگے پڑھائیں، سیکھنے کے بعد سکھائیں اور علم آگے بڑھائیں یہ صدقہ جاریہ ہے۔ ٹریفک قوانین آ گاہی سیشن 2024 میں ایجوکیشن یونٹ سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد کے ڈاکٹر مبشر باجوہ نے شرکا وطلبا کی کثیر تعداد کوآ گاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ میں ائی ٹی کے شعبہ میں جو پروگرام کروائے جا رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں۔ ہمیں سڑک پر چلتے ہوئے چھوٹی چھوٹی غلطیاں اور غفلت نہیں برتنی چاہیے جو کہ بڑے حادثات کو جنم دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قران پاک میں ذکر ہے کہ بہتر انسان وہ ہے جو دوسروں کے لیے فائدہ مند ہو سودمند ہو۔ چھوٹی چھوٹی لاپرواہیاں عجلت دوسروں کے لیے وبال بنتی ہیں۔ ہمیں اپنی ذمہ داریوں اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا شیخ سعدی کے مطابق معمار پہلی اینٹ اگر ٹیڑھی رکھ دے تو ساری بلڈنگ ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر مبشر نے مزید کہا کہ ہر سال ایک اشاریہ تین ملین ٹریفک حادثات رونما ہوتے ہیں پاکستان میں 15ہزار کے قریب اموات ٹریفک حادثات کے باعث پیش آتی ہیں لہذا خصوصی طور پر 11 سے 20سال کے عمر کے افراد یا نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ ٹریفک قوانین کا شعور حاصل کرتے ہوئے اگاہی حاصل کرتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور اپنی اور دوسروں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنائیں کیونکہ کہا جاتا ہے کہ جس نے ایک انسان کی جان بچائی اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔